سوال

(696) نماز کے بعد آیت الکرسی کا پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز کے بعد آیت الکرسی کا پڑھنا کیا کسی صحیح حدیث سے ثابت ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حافظ ہیثمی نے اس کی سند کو حسن قرار دیا ہے۔ (مجمع الزوائد: ۱۴۸/۲) اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے ''بلوغ المرام'' میں ابن حبان سے اس کی صحت نقل کی ہے اور علامہ شوکانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس بارے میں وارد ایک سند کو منذری نے صحیح اور ہیثمی نے اس کا جید ہونا نقل کیا ہے اور حافظ ابن قیم رحمہ اللہ نے ''زادالمعاد'' (۳۰۴/۱) میں کہا۔ اس حدیث کے طُرق کو جمع کرنے سے پتہ چلتا ہے۔ کہ اس کی کوئی اصل ہے۔ بہر صورت روایت قابلِ حجت اور لائقِ عمل ہے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو! تخریج صلوٰۃ الرسول ﷺ، ص: ۳۲۷۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی]

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 591

محدث فتویٰ